راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ

نیلام عام

عوام الناس اور قربانی کے جانور کے ریوڑ بانوں کی سہولت کے پیش نظر جانوروں کی خرید و فروخت کیلئے راولپنڈی کینٹ کی حدود میں درج ذیل مقام پر برائے عارضی منڈی مویشیاں کے حقوق وصولی انٹری فیس کا نیلام عام برائے عرصہ از تاریخ منظوری تا عید الاضحیٰ 2022 کے تیسرے دن تک ہوگا۔ نیلام عام مورخہ 30 مئی 2022 بوقت دن 11:00 بجے دفتر ہذا میں منعقد ہوگا اگر کسی وجہ سے مقررہ تاریخ کو بولی نہ ہو سکی تو دوبارہ بولی 31 مئی 2022 کو اسی وقت اور اسی مقام پر ہوگی۔

خرید و فروخت کی جگہ: اراضی کینٹ بورڈ بھاٹہ چوک راولپنڈی کینٹ

شرح وصولی انٹری فیس:

ا) بڑا جانور (گائے، بھینس، اونٹ وغیرہ) مبلغ -/3000 روپے فی عدد

ب) چھوٹا جانور (بکرا، بکری، بھیڑ، دنبہ غیرہ) مبلغ -/2000 روپے فی عدد

شرائط نیلامی:-

۱۔ خواہش مند حضرات کو بولی میں حصہ لینے کیلئے مبلغ پندرہ لاکھ روپے (-/15,00,000) روپے کی کال ڈیپازٹ بنام ایگزیکٹیو آفیسر راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ مع کارآمد شناختی کارڈ بطور زرضمانت بولی شروع ہونے سے قبل جمع کرانا ہوگا، کنٹونمنٹ بورڈ کے نادھندگان بولی میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے اگر ایسا شخص یا ادارہ حقائق چھپا کر کامیاب بھی ہو جائے تو اس کی جمع شدہ رقم ضبط کر کے منڈی کی نیلامی دوبارہ کی جائے گی۔

۲۔ کامیاب بولی دہندہ بولی کا 1/2 حصہ موقع پر اور بقیہ رقم (1/2 حصہ) مجاز اتھارٹی کی حتمی منظوری کے سات (07) یوم کے اندر جمع کرانے کا پابند ہوگا بصورت دیگر جمع شدہ کال ڈیپازٹ بحق کنٹونمنٹ ضبط تصور ہوگا اور بورڈ اگر مناسب سمجھے کہ ٹھیکہ دوسرے نمبر پر آنے والے کو زائد بولی کی بنیاد پر پیش کر دے۔

۳۔ دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کی کال ڈیپازٹ تا وقتِ منظوری مجاز اتھارٹی دفتر ہذا میں جمع رہے گی اور وہ بعد ازاں بذریعہ درخواست واپس لے سکتا ہے۔

۴۔ کامیاب بولی دہندہ نیلامی کی جگہ کو صاف ستھرا رکھنے کا پابند ہوگا۔ جانوروں کیلئے خوراک، پانی اور سایہ کا بندوبست ٹھیکیدار کے ذمہ ہوگا۔

۵۔ خرید و فروخت/منڈی کی جگہ کو (Cordon Off) حلقہ جدا رکھا جائیگا۔

۶ کورونا وائرس (Covid-19) کے ممکنہ پھیلاؤ کے خلاف حفظ ما تقدم کے طور پر کینٹ کے تمام تر علاقوں میں انفرادی و اجتماعی طور پر جانوروں کی خرید و فروخت پر مکمل پابندی عائد ہوگی۔

۷۔ انکم ٹیکس و دیگر ٹیکسوں کا اطلاق گورنمنٹ کے مروجہ قوانین کے مطابق ہوگا جو کامیاب بولی دہندہ کو یکمشت ایڈوانس جمع کروانا ہوگا۔

۸۔ کامیاب بولی دہندہ دفتر ہذا کے ساتھ E-Stamp پیپر پر تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا اور معاہدہ کے بغیر کام شروع کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔ کامیاب بولی دہندہ اپنے حرجہ و خرچہ پر معاہدہ سب رجسٹرار سے رجسٹرڈ کروائے گا۔

Scanned with CamScanner

۹۔ کامیاب بولی دھندہ کسی بھی طرح ٹریفک میں خلل پیدا نہیں ہونے دے گا۔

۱۰۔ کنٹونمنٹ بورڈ/کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی بھی وجہ سے تمام بولی کو (منظوری سے قبل) بمطابق PPRA قواعد وضوابط مسترد کر دے۔

۱۱۔ جانوروں کی خرید وفروخت صرف (مقررہ جگہ) منڈی میں ہوگی اور اس کے علاوہ کسی فرد/افراد کو راولپنڈی کینٹ کی حدود میں منڈی کے علاوہ کسی اور مقام پر جانوروں کی خرید وفروخت کی اجازت نہ ہوگی نیز ٹھیکیدار منڈی مویشیاں کے علاوہ کسی اور جگہ سے وصولی کا مجاز نہ ہوگا

۱۲۔ دیگر شرائط وضوابط نیلام دفتری اوقات کار کے دوران دفتر ہذا کی لینڈ ریونیو برانچ سے معلوم کی جا سکتی ہیں۔

منڈی مویشیاں کا دورانیہ **از تاریخ منظوری** سے شروع ہو کر عیدالاضحیٰ **2022** کے تیسرے دن تک ختم ہو جائے گا۔

المشتہر

عمران گلزار

کنٹونمنٹ بورڈ ایگزیکٹو آفیسر

راولپنڈی کینٹ

051-9274406

UAN#051-111-07-07-07

www.rcb.gov.pk

Scanned with CamScanner